کتاب نما

دروس قرآن، مؤلف: ڈاکٹر محمد اسلم صدیقی۔ ناشر: ھدی للناس' ۳۴۳-مہران بلاک' علامہ اقبال ٹاؤن' لاہور۔ صفحات حصہ اول (بڑی تقطیع) سورۂ فاتحہ: ۱۲۸۔ قیمت: ۱۵۰ روپے۔ ۲-سورۂ بقرہ' جلد اوّل: ۴۴۰/۲۰۰ روپے ۳-جلد دوم: ۳۴۳/۲۰۰ روپے۔ ۴- سورۂ آل عمران: ۳۲۸/۲۲۵ روپے۔ ۵-سورۂ نساء: ۳۸۵/۲۰۰ روپے۔ ۶-سورۂ مائدہ: ۳۱۵/۲۲۵ روپے۔ ۷-سورۂ انعام: ۴۲۲/۲۲۵ روپے۔ ۸-سورۂ اعراف: ۳۹۹/۳۰۰ روپے۔

مولانا اسلم صدیقی کا نام دینی اور تحریکی حلقوں میں محتاجِ تعارف نہیں۔ جامعہ پنجاب کے شعبۂ مساجد کے صدر اور خطیب کی حیثیت سے آپ نے سرگرم زندگی گزاری ہے۔ آپ کے خطبات سننے والوں کے ذہن و قلب' دین اسلام کی تعلیمات کی پیروی کے لیے راغب ہوتے ہیں۔ گذشتہ چند برسوں میں انھوں نے قرآن کا سلسلے وار درس شروع کیا جو کیسٹ پر محفوظ کیا گیا اور اب ان دُروس کو لکھ کر کتابی شکل میں پیش کیا جا رہا ہے۔ سورۂ اعراف تک کے درس درج بالا آٹھ کتابوں کی شکل میں شائع ہوچکے ہیں (دروس قرآن' سورۃ الفاتحہ اور سورۃ البقرہ' جلد اوّل پر ترجمان القرآن میں تبصرہ اکتوبر ۲۰۰۵ء میں شائع ہوچکا ہے)۔

مولانا اسلم صدیقی بنیادی طور پر خطیب ہیں اور بہت اچھے خطیب۔ ان کی تقاریر سن کر حاضرین ولولے اور جوش سے بھر جاتے ہیں لیکن وہ خود تسلیم کرتے ہیں کہ وہ تصنیف کے مرد میدان نہیں۔ ان کے جو دروس نقل کیے گئے اور ایک نظر ڈال کر شائع کر دیے گئے' اس کام میں انھیں بعض احباب کا تعاون حاصل رہا ہے۔ مرتب کرتے ہوئے اسٹائل تبدیل نہیں کیا گیا۔ اس لیے خطیبانہ رنگ برقرار ہے اور پڑھنے والے پر اثر ڈالتا ہے۔ وہ تفسیری مباحث میں نہیں گئے اور نہ اختلافی مسائل میں الجھے ہیں بلکہ قرآن کے پیغام کو پُرزور استدلال سے پیش کر دیا ہے۔ قرآن کا پیغام'

جو اللہ کی بندگی اور اس کی کامل اطاعت کا پیغام ہے، عصرِ حاضر کے پس منظر میں کھل کر سامنے آتا ہے اور قاری کو عمل پر اُبھارتا ہے۔ یہ سلسلۂ دروس مکمل ہوگا تو تفسیری لٹریچر میں اپنی نوعیت کا ایک اضافہ ہوگا۔ مثبت طرزِ اختیار کیا گیا ہے۔ قرآن کے لانے والے نے قرآن کو جس طرح پیش کیا ہے اسے سمجھنے کی کوشش کی گئی ہے، چنانچہ سیرت کے حوالے جابجا نظر آتے ہیں۔

آج کل دینی کتب بھی بہت اہتمام سے اور خوب صورت شائع کی جارہی ہیں۔ دل چاہتا ہے کہ یہ کتب بھی اس معیار پر طبع ہوں کہ دیکھ کر دل خریدنے اور پڑھنے کو چاہے۔ اس کی بھی ضرورت محسوس ہوتی ہے کہ کوئی ماہر مدیر خطیبانہ رنگ برقرار رکھتے ہوئے اس کی تدوین نو کرے تو اس کے فائدے اور تاثیر میں اضافہ ہو۔ (مسلم سجاد)

قرآن کی روشنی میں، ڈاکٹر سید رضوان علی ندوی۔ ناشر: مرکز فہم قرآن ۱۴-۱۵، فرسٹ فلور، ڈیلاوالا سنٹر، شون چورنگی، بلاک ۹، کلفٹن، کراچی۔ صفحات: ۳۶۶۔ قیمت: ۲۵۰ روپے۔

مصنف علمی حلقوں میں ایک معروف شخصیت ہیں۔ زیرنظر کتاب کی وجہِ تالیف یہ جذبہ ہے کہ سیرت و کردار کی تعمیر اور عہدِ حاضر کے مسائل کے لیے حقیقی رہنمائی قرآن ہی سے میسر آسکتی ہے۔ فی الواقع قرآن ہر دور کے لیے رہنما ہے۔ مصنف نے عقائد، عبادات، معاملات، اخلاقیات، معاشرت اور دیگر موضوعات پر قرآن و سنت کی روشنی میں جدید اسلوب میں رہنمائی فراہم کی ہے اور عہدِ جدید پر انطباق کیا گیا ہے۔

عہدِ حاضر کے حوالے سے جہاد کا تصور، جنگ و امن کے قرآنی اصول، اسلام کا نظریۂ مال و دولت، قرآن اور بین الاقوامی معاملات، نائن الیون کا واقعہ اور یہودیت و عیسائیت اور قرآن اور میڈیا کو بھی موضوع بنایا گیا ہے۔ خواتین کے حقوق اور دیگر مسائل بھی زیربحث آئے ہیں۔

ہر موضوع پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔ قرآنی آیات کے ساتھ ساتھ حسبِ ضرورت احادیث، صحابہ کرامؓ کے واقعات، جدید دور کی امثال اور اشعار بھی پیش کیے گئے ہیں۔ زبان شُستہ، رواں اور اسلوب عام فہم ہے۔ مصنف نے فکری و عملی زندگی قرآنی اصولوں پر استوار کرنے کی دعوت دی ہے اور قرآن کو حقیقی معنوں میں رہنما بنانے پر زور دیا ہے۔ بنیادی طور پر کتاب خطبات